بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا شجرہ نسب

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرہ نسب کیا ہے؟

جواب

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قریش کے معزز قبیلے بنو عدی سے ہے۔ آپ کا شجرہ نسب نہایت معزز شخصیات پر مشتمل ہے، جو آگے چل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شجرہ نسب سے جا ملتا ہے۔

"الجوہرۃ فی نسب النبی واَصحابہ العشرۃ" میں ہے: "أمير المؤمنين أبو حفص عمر بن الخطاب ابن نُفَيل بن عبد العُزَّى بن عبد الله بن قُرط بن رياح بن رزاح بن عديّ ابن كعب بن لُؤَيّ بن غالب بن فهر۔" ترجمہ: امیر المومنین ابو حفص عمر، خطاب کے بیٹے ہیں، خطاب نفیل کے بیٹے، نفیل عبد العزیٰ کے بیٹے، عبد العزیٰ عبد اللہ کے بیٹے، عبد اللہ قرط کے بیٹے، قرط ریاح کے بیٹے، ریاح رزاح کے بیٹے، رزاح عدی کے بیٹے، عدی کعب کے بیٹے، کعب لوی کے بیٹے، لوی غالب کے بیٹے اور غالب فہر کے بیٹے ہیں۔ (الجوہرۃ فی نسب النبی واَصحابہ العشرۃ، جلد 02، صفحہ 129، مطبوعہ ریاض)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-064

تاریخ اجراء: 19 ربیع الاول 1448ھ / 01 ستمبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net